Royal College of Anaesthetists

# اینیستھیٹک ۔
# ممکنہ خطرات اور مضر اثرات
# دانتوں، ہونٹوں اور زبان کو نقصان پہنچنا

### اس کتابچے کے بارے میں

یہ کتابچہ جنرل اینیستھیٹک کے بعد **آپ کے دانتوں، ہونٹوں اور زبان کو پہنچنے والے نقصان** کے بارے میں ہے۔ یہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ یہ نقصان کیسے ہو سکتا ہے اور اس کے بارے میں کیا کچھ کیا جا سکتا ہے۔

جنرل اینیستھیٹک ایسی ادویات ہیں جو گہری نیند جیسی حالت پیدا کرتی ہیں۔ یہ بعض قسم کے آپریشنوں اور طریقوں کے لیے لازمی ہیں۔ جنرل اینیستھیٹک کے دوران آپ بے ہوش ہوتے ہیں اور کچھ بھی محسوس نہیں کرتے۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر اینیستھیٹک کی مختلف اقسام کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں، جو یہاں مختلف زبانوں میں دستیاب ہے:www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages۔

### اینیستھیٹک کے دوران دانتوں، ہونٹوں اور زبان کو پہنچنے والے نقصان کے بارے میں

اینیستھیٹک کے بعد آپ کے منہ اور ہونٹوں میں بعض اوقات چھوٹے کٹ یا زخم لگ سکتے ہیں۔ یہ عام طور پر چند دنوں میں ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

جنرل اینیستھیٹک کے دوران دانتوں کا کنارہ ٹوٹ سکتا ہے، یہ ڈھیلے یا بعض اوقات حادثاتی طور پر گر سکتے ہیں۔

جنرل اینیستھیٹک کے دوران آپ کے جسم کے پٹھوں سمیت آپ کے گلے اور سینے کے ارد گرد کے پٹھے بھی آرام کرتے ہیں۔ اس سے آپ کے پھیپھڑوں میں داخل ہونے والی ہوا کی مقدار کم ہو سکتی ہے۔

آپ کے پھیپھڑوں میں آکسیجن کے مسلسل بہاؤ کو یقینی بنانے کے لیے، اینیستھیٹسٹ آپ کے گلے میں سانس کی مصنوعی نالی لگا سکتا ہے تاکہ آپ کی ہوا کی نالی کھلی رہے۔ عام طور پر وہ ایسا آپ کے بے ہوش ہونے کے بعد کرتے ہیں۔


اینیستھیٹسٹ آپ کے بے ہوش ہونے کے دوران جو نلیاں یا ماسک استعمال کرتے ہیں وہ حادثاتی طور پر آپ کے دانتوں، ہونٹوں اور زبان کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ یہ سامان آپ کو اینیستھیٹک کے دوران محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے۔

اینیستھیزیا کے دوران آپ کے ہوائی راستے اور سانس لینے کے عمل کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر مختلف زبانوں میں دستیاب ہیں: www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages۔

### اس کے ہونے کا امکان کتنا ہوتا ہے؟

**ہونٹوں اور زبان پر معمولی کٹ یا زخم**

ہر **100** افراد میں سے



95 سے 99 کے ساتھ نہیں ہوا

**1** سے **5** کے ساتھ ہوا

**دانتوں کا نقصان جس کے لیے دانتوں کے ڈاکٹر کی ضرورت ہوتی ہے۔**

ہر **10,000** افراد میں سے

| | |
|---|---|
| **9,995** کے ساتھ نہیں ہوا | **5** کے ساتھ ہوا |

جن لوگوں کے دانتوں کو نقصان پہنچا ان میں سے آدھے سے زیادہ کے دانت اور مسوڑھے سرجری سے پہلے خراب حالت میں تھے۔

یہ اعداد و شمار تحقیق کے مطالعہ سے حاصل کیے گئے ہیں۔ ان اعداد و شمار کی مزید تفصیلات کے لیے ہماری یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.rcoa.ac.uk/patientinfo/risks/evidence۔

### کیا کوئی چیز اس کا امکان بڑھاتی ہے؟

نقصان کا امکان زیادہ ہوتا ہے اگر آپ:

- اپنا منہ بہت چوڑا نہیں کھول سکتے یا آپ اپنی گردن کو آسانی سے نہیں ہلا سکتے۔ مثال کے طور پر جوڑوں کا درد آپ کے لیے جنرل اینیستھیٹک کے دوران گردن ہلانا یا سر اٹھا کر رکھنا مشکل بنا سکتا ہے
- اوپری دانت بڑے ہوں یا نچلا جبڑا چھوٹا ہونا
- ہنگامی صورت حال میں جنرل اینیستھیٹک کی ضرورت ہوتی ہے
- جنرل اینیستھیٹک کے ساتھ ہنگامی سیزارین سیکشن کی ضرورت پڑ جاتی ہے
- موٹاپا ہے یا آپ کی گردن کے ارد گرد اضافی وزن ہے
- آپ کے منہ، گردن، جبڑے یا کھانے کی نالی (ایسوفیگس) میں آپریشن ہو رہا ہے۔

### اس سے بچاؤ میں کیا مددگار ہو سکتا ہے

کچھ ایسی چیزیں ہیں جو آپ آپریشن سے پہلے کر سکتے ہیں تا کہ اپنے دانتوں کو پہنچنے والے نقصان کے خطرے کو کم کر سکیں۔

اگر آپ کے دانت ڈھیلے ہیں یا آپ کے مسوڑھوں میں زخم ہیں یا جب آپ انہیں برش کرتے ہیں تو خون بہتا ہے تو، جیسے ہی آپ کو معلوم ہو کہ آپ کا آپریشن ہے آپ کو دانتوں کے ڈاکٹر سے ملنا چاہیے۔

اپنے اینیستھیٹسٹ کو بتائیں اگر:

- آپ کے دانت ڈھیلے ہیں یا آپ کے دانتوں اور مسوڑھوں میں کوئی اور مسئلہ ہے
- آپ کے پاس اتارے جا سکنے والے بریس یا ربر کا بینڈ ہے۔
- اگر آپ کے پاس امپلانٹس، کراؤن، برجز، وینیئر یا مصنوعی دانت ہیں۔
- آپ کی زبان یا ہونٹ پر چھید ہیں۔

اگر آپ نے ماضی میں جنرل اینیستھیٹک لیا ہے تو آپ کو اپنے اینیستھیٹسٹ کو بتانا چاہیے، اور:

- آپ کو بتایا گیا تھا کہ آپ کی ہوا کی نالی میں نلی لگانا مشکل ہے۔
- آپ کے دانتوں کو نقصان پہنچا تھا۔

بعض اوقات آپ کا اینیستھیٹسٹ آپ کے میڈیکل ریکارڈز کو یہ سمجھنے کے لیے چیک کر سکتا ہے کہ مشکلات کی وجہ کیا تھی تاکہ دوبارہ نقصان پہنچنے سے بچا جا سکے۔

### اگر میرے دانت خراب ہو جائیں تو کیا ہو گا؟

آپ کا اینیستھیٹسٹ آپ کو بتائے گا کہ آیا آپ کے دانت آپریشن کے دوران خراب ہوئے ہیں۔ اگر کچھ دانت نکل آئے ہیں تو وہ آپ کو واپس کر دیں گے۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو وہ آپ کو درد سے آرام کی دوا دیں گے اور آپ کو مشورہ دیں گے کہ کیا کرنا ہے۔

کچھ ہسپتالوں میں دانتوں کے سرجن ہوتے ہیں جو اس نقصان کو دیکھ سکتے ہیں اور مرمت کر سکتے ہیں۔ اگر یہ دستیاب نہیں تو، آپ اپنے دانتوں کے ڈاکٹر سے مل سکتے ہیں اور پھر ہسپتال سے اس کے اخراجات کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ آپ کو سرجری کے دوران دانتوں کو پہنچنے والے نقصان کے بارے میں اپنے ہسپتال سے ان کی پالیسی کے بارے میں معلوم کرنا چاہیے اور لاگت واپس لینے کے لیے ایک فارم کی درخواست کرنی چاہیے۔

اگر آپ کے اینیستھیٹسٹ کو آپ کے گلے میں نلی ڈالنے میں دشواری پیش آتی ہے یا آپ کے دانت خراب ہوئے ہیں تو، جو مسئلہ ہوا اس کا تحریری ریکارڈ طلب کریں۔ اگر آپ کو مستقبل میں کسی اور اینیستھیٹک کی ضرورت پڑتی ہے تو یہ معلومات جان بچانے والی ہو سکتی ہے۔

ڈیفیکلٹ ایئر وے سوسائٹی سانس کی نالی الرٹ کارڈ سکیم کا انتظام کرتی ہے۔ آپ کا اینیستھیٹسٹ آپ کو اسکیم کا حوالہ دے سکتا ہے۔ آپ اس لنک پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں: https://das.uk.com/dar۔

## اظہارِ لاتعلقی

ہم اس کتابچے میں دی گئی معلومات کو درست اور تازہ ترین رکھنے کی بہت کوشش کرتے ہیں لیکن ہم اس کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہم یہ توقع نہیں کرتے ہیں کہ اس عام معلومات سے آپ کے تمام سوالات کا احاطہ ہو پائے گا یا ہر اس چیز سے نمٹا جائے گا جو آپ کے لیے اہم ہو سکتی ہے- اس کتابچے کو بطور راہنما استعمال کرتے ہوئے، آپ کو اپنی طبی ٹیم کے ساتھ اپنے انتخاب اور کسی بھی پریشانی کے بارے میں بات کرنی چاہیے- اس کتابچے کو خود سے مشورہ نہیں سمجھا جانا چاہئے - اسے کسی تجارتی یا کاروباری مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا- مکمل اظہار لاتعلقی کے لیے، براہ مہربانی دیکھیں:
[www.rcoa.ac.uk/patients/patient-information-resources/translations/patient-information-translations-urdu]-

تمام ترجمے، ٹرانسلیٹر ود آؤٹ بارڈرز (Translators without Borders) کی مترجم کمیونٹی کے ذریعے فراہم کیے گئے ہیں۔ ان ترجموں کے معیار کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے تاکہ ترجموں کو ہر ممکن حد تک درست بنایا جا سکے، لیکن کچھ معلومات کی غلطیاں اور غلط تشریح کا خطرہ موجود رہتا ہے۔

**ہمیں اپنے خیالات سے آگاہ کریں**
ہم اس کتابچہ کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں

اگر آپ کے پاس کوئی تبصرہ ہے جو آپ کرنا چاہتے ہیں تو ، براہ کرم انہیں ای میل کریں: patientinformation@rcoa.ac.uk


**Royal College of Anaesthetists**
چرچل ہاؤس، 35 ریڈ لائن اسکوائر، لندن WC1R 4SG


# www.rcoa.ac.uk


چھٹی اشاعت، نومبر 2024
اشاعت کی تاریخ کے تین سال کے اندر اس کتابچے کا جائزہ لیا جائے گا۔



**Royal College of Anaesthetists 2024 ©**
یہ کتابچہ مریض کے لئے معلوماتی مواد تیار کرنے کی غرض سے نقل کیا جا سکتا ہے۔ براہِ مہربانی اصل ماخذ کا حوالہ دیں۔ اگر آپ اس کتابچہ کا کچھ حصہ کسی اور اشاعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو، مناسب اقرار کیا جائے اور لوگو، برینڈنگ اور تصاویر کو ہٹا دینا چاہیے۔ براہِ مہربانی مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔